بوزنیا کے وفد کی حضور انور سے ملاقات

سب سے قبل بوزنیا (Bosnia) سے آنے والے وفد نے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ بوزنیا سے بیس افراد پر مشتمل وفد جلسہ سالانہ جرمنی میں شرکت کے لئے آیا تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مبلغ سلسلہ بوزنیا سے دریافت فرمایا کہ امسال کتنی بیعتیں ہوئی ہیں۔ جس پر عرض کیا گیا کہ اس جلسہ پر دو افراد نے بیعت کی سعادت حاصل کی ہے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا پورے سال میں صرف دو بیعتیں۔ آپ کا ایک ہزار بیعت کا ٹارگٹ ہونا چاہئے۔

حضور انور نے سسٹر فہریہ سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ کو بوزنیا جا کر وقتاً فوقتاً قیام کرنا چاہئے۔ ان کو آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ سسٹر فہریہ بوزنین احمدی خاتون ہیں اور بہت اخلاص اور وفا کے ساتھ کام کرنے والی ہیں۔ لندن میں مقیم ہیں اور MTA پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات اور دیگر پروگراموں کے بوزنین زبان میں تراجم کرتی ہیں اور بہت سی جماعتی کتب کے تراجم کرنے اور ان کی نظر ثانی کرنے کی بھی توفیق پا رہی ہیں۔

❁...... بوزنیا سے آنے والے ایک احمدی دوست نے عرض کیا کہ اس سے پہلے مجھے تجربہ نہیں تھا کہ ایسا عظیم جلسہ ہو سکتا ہے۔ میں حیران ہوں کہ کس طرح اتنا عظیم الشان جلسہ کا انتظام ہو سکتا ہے۔ ہر چیز بڑی منظم ہے اور ہر انتظام بڑا اعلیٰ ہے۔ کوئی خرابی نہیں ہے۔

❁...... حضور انور کے دریافت فرمانے پر ایک احمدی دوست کمال صاحب نے اپنے تأثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ جلسہ پر روانہ ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے میں سوچ رہا تھا کہ میں نے گزشتہ جلسہ سے لے کر اس جلسہ تک اپنے اندر کتنی تبدیلی پیدا کی ہے۔ بعض چیزوں میں اصلاح کی ہے اور بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن میں اصلاح کرنی ہے اور کوشش کر کے ان کمزوریوں کو دور کرنا ہے۔ موصوف نے اپنی روحانیت میں ترقی کے لئے دعا کی درخواست کی۔ اس پر حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔

موصوف نے عرض کیا کہ میں نے ایک نظم لکھی ہے مجھے پڑھنے کی اجازت دیجئے۔ چنانچہ انہوں نے حضور انور کی اجازت سے بوزنین زبان میں نظم پڑھی۔ جس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔